
# 67: سورۃ الملک

*Flow Chart* — *Macro Structure*

| | | |
|---|---|---|
| پیراگراف:7 | آیات:30 | مکیہ |




## زمانۂ نزول:

سورۃ الملک اعلان عام کے بعد، رسول اللہ ﷺ کے قیام مکہ کے دوسرے دَور میں، غالباً 4 نبوی میں، نازل ہوئی، جب قریش کی بدعتی قیادت انکار اور کفر (آیت 6) پر تلی ہوئی تھی، رسول اللہ ﷺ کی دعوت توحید وآخرت کو مسترد کرکے اور آپ ﷺ کی

حیثیت (نذیر)(آیت 26،9،8) کو نظر انداز کر کے، الٹا رسول اللہ ﷺ کو گمراہی میں مبتلا یعنی (فِیۡ ضَلٰلٍ كَبِیۡرٍ) (آیت 9) اور

فِیۡ ضَلٰلٍ مُّبِیۡنٍ (آیت 29) سمجھ رہی تھی۔

سورۃ الملک مضامین، جامعیت، دلائل، اسالیب اور طرز بیان کے اعتبار سے سورۃ ق سے ملتی ہے۔